**برسٹل کے علاقے میں پناہ گزینوں کے لیے خدمات - مئی 2023**

ترجمہ شدہ معلومات:https://bristol.cityofsanctuary.org/what-we-do/bristol-organisations

**رابطہ نمبر برائے تارکین وطن: 08088010503 ہفتے میں روزانہ 7 دن اور دن میں 24 گھنٹے**

**برسٹل ریفیوجی رائٹس**: info@bristolrefugeerights.org www.bristolrefugeerights.org

ویل اسپرنگ سیٹلمنٹ 43 ڈیوسی روڈ، برسٹل BS5 0AX

پیر اور منگل کو 10سے1بجے تک۔ فون/ واٹس ایپ 07526352353 پر کال کریں۔

ہماری مدد اور خدمات حاصل کرنے کے لئے یا ہماری کلاسوں میں حصہ لینے کے لئے یا پرائڈ وداَوٹ بارڈرز، ینگ پیپلزایمیگریش پراجیکٹ سے متعلق معاونت حاصل کرنے کے لئے ہر بدھ کے دن 10-12 بجے مشورے کے لئے آسکتے ہیں، اس IAن ہوٹل رہایشیوں کے لیے کھلا نہیں ہے۔ صحت اور معالجے کی رسائی مدد فراہم کرنا۔ پیچیدہ مسائل کا حل تجویزکرنا۔ فون سمیت دیگر عملی مدد کے حوالے۔ جمعرات کو 10-1 بجے تک سے ویلکم سینٹر سماجی جگہ، گرم کھانا، آرٹ، گیمز، بال کٹوانے، آئی ٹی کیفے، حوالہ جات اور سائن پوسٹنگ۔

1 سے 5 سال کی عمر کے درمیان بچوں کی نگہداشت والی نرسری جہاں پر گانے، کھیلنا اور سیکھنا شامل ہے۔ جب والدین BRR سروسزمیں مصروف ہوں۔

---

ریڈ کراس ریفیوجی سپورٹ: https://www.redcross.org.uk/get-help/get-help-as-a-refugee

فون: 01179415040، میسیج یا واٹس ایپ 07739863036refugeeservicebristol@redcross.org.uk

ہم پیر، بدھ اور جمعہ 11 - 3 بجے تک دستیاب رہنے کی کوشش کریں گے۔ اگرآپ کو ہماری طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہو رہا تو ہمیں پیغام بھیجیں یا خط لکھیں، پھر کیس ورکر آپ سے رابطہ کرے گا۔

**نئی عطا کردہ پناہ گزین کی حیثیت:** ہم آپ کی بینیفٹ، ہاؤسنگ، بینک اکاؤنٹ، انضمام قرض اور خاندان کو آپ کے ساتھ اکھٹا کرنے کے عمل میں مدد کے لیے درخواست دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔

**فیملی کوڈھونڈنا:** ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کے خاندان کی تلاش میں مدد کرنے کے قابل ہوں اگر وہ آپ کے آبائی ملک یا برطانیہ یا یورپ کے کسی ملک میں ہوں۔

**بدحالی:** اگر آپ کے پاس کوئی آمدنی نہیں ہے اور نہ ہی کوئ اورآمدن کا زریعہ، برسٹل میں دوسرے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہم آپ کو مختصر مدت کے لیے مدد فراہم کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

---

**ریفیوجی ومنز آف برسٹل**https://www.refugeewomenofbristol.org.uk/

فون:01179415867 info@refugeewomenofbristol.org.uk

ڈراپ ان سینٹر منگل کے دن 10:00 صبح سے 2:30 دوپہر تک صرف سکول کےاوقات میں ایسٹون فیملی سینٹر

برسٹل BS5 0SQ میں ہوتا ہے۔

ہم ESOLکلاسیز، صحت مند رہنے کی سرگرمیاں اور ورکشاپز فراہم کر رہے ہیں۔ ہمارے کمیونٹی ورکرز علاقائی زبانوں میں عملی مدد اور وکالت کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے رضاکار دوست بھی ہماری فلاحی کالز کے ذریعے ہمارے اراکین اور کمیونٹی کے لیے مدد فراہم کر رہے ہیں۔امینڈ دی گیپ ٹیم گھریلو تشدد کا سامنا کرنے والی خواتین کوانفرادی مدد فراہم کر رہی ہے۔ صحت و تندرستی سے منسوب رجسٹریشن کارڈینیٹر کے پاس ریفرلز کے لئے اس نمبر 07735387820 پر رابطہ کریں۔ اگر آپ ہم سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم کال کریں یا ہمیں ای میل بھیجیں۔

---

**بارڈر لینڈز دی اسیسی سنٹر**، لافورڈس گیٹ BS5 ORE [www.borderlands.uk.com](http://www.borderlands.uk.com)

فون: 0117 904 0479 [hello@borderlands.org.uk](mailto:hello@borderlands.org.uk)

**ویلکم سینٹر میں ہر منگل کو صبح 10:00 بجے سے دوپہر 2:00 بجے** کے درمیان؛ چائے، کافی، گیمز، آرٹ، بال کٹوانے،رضاکارانہ

کردار، اوردیگر خدمات اور معاونت فراہم کی جاتی ہیں۔

ہر منگل کو 10:45 سے 12:30 بجے کے درمیان تازہ کھانا اور **گرم کھانا (حلال لنچ)** دوپہر 1:00 تا 2:00 بجے

**انگریزی کی کلاسیں** (سوموار، منگل اور بدھ) انگلش زبان اور ادب لکھنے پڑھنے کی شروعات کرنے والوں کے لئے کلاسیں ہوتی
(پری انٹری-انٹری 1 )

**مینٹورنگ پروجیکٹ** 6-9 مہینوں تک پناہ گزینوں اور آسائلم لینے والوں کو انفرادی طور پرجذباتی اور عملی مدد فراہم کرتا ہے۔

بہتر محسوس کرنے والا بدھ کا دن - (بدھ کے دن) آرام اور صحت کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے سرگرمیاں۔ ان میں یوگا، سلائی،
سلیپ سیشن اور فٹنس کلاسز شامل ہیں۔ ہم عورتوں اور مردوں کے لیے علیحدہ علیحدہ کلاسیں پیش کرتے ہیں۔

---

**برسٹل ہاسپیٹلیٹی نیٹ ورک:[www.bhn.org.uk](http://www.bhn.org.uk)**

رہائش: ہم ناکام درخواستوں والے پناہ گزینوں کے لیے ہوسٹنگ اور ہاؤسنگ ایڈوائس اور یکجہتی فنڈ فراہم کرتے ہیں۔ ہم صرف برسٹل ریفیوجی رائٹس ایڈوائس ٹیم کے حوالہ جات قبول کرتے ہیں۔

**ویلکم سنٹر**: ہم اسائلم لینے والوں کے لیے پیر کے روز 11 سے 2 بجے تک ایسٹون کرسچن فیملی سینٹرمیں

(BS5 0SQ) (گرم کھانا،ای ایس او ایل ، رضاکارانہ کام، کھیل وغیرہ)فراہم کئے جاتے ہیں۔

---

**ایڈ باکس کمیونٹی**[www.aidboxcommunity.co.uk](http://www.aidboxcommunity.co.uk)

ہم اسائلم لینے والوں کو فری شاپ اور ویلکم ہب میں خوش آمدید کہتے ہیں، یہاں آپ مفت کپڑے، بیت الخلاء، گھریلو اشیاء اور دیگر ضروری سامان کا انتخاب کرتے ہیں۔ پیر سے جمعہ تک11سے 4 بجےتک freeshop@aidboxcommunity.co.uk کھلا ہوتا ہے۔

فون: 0117336441 اوپن 174بی چیلٹنہم روڈ بریٹسول BS6 5RE

**سرگرمیوں والا گروپ**: ہم چھٹیوں میں افراد اور خاندانوں کے لیے کئی ہفتہ وار سماجی اور تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کرتے ہیں۔
مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں۔ heather@aidboxcommunity.co.uk
دوستی کا پروگرام - کنکشنز - ہم پناہ کے متلاشی لوگوں اور پناہ گزینوں کو دوستی کے لیے مقامی لوگوں سے ملاتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیےنیومی سے رابطہ کریں naomi@aidboxcommunity.co.uk

---

**پروجیکٹ ماما** https://projectmama.org

مدر کمپینئنز پروجیکٹ: پروجیکٹ ما ما حاملہ خواتین کے لیے حمل، زچگی، بچے کی پیدائش اور ابتدائی پرورش کے دوران انفرادی مدد کے لیے حوالہ جات قبول کر رہا ہے۔ ہم انفرادی طور پرماہرین کی طرف سے مدد فراہم کرتے ہیں خاص طور پر ان لوگوں کو جن کے ساتھ زچگی کے دوران ساتھی نہیں ہوتے۔ حوالہ جات ہماری ویب سائٹ کے ذریعے لئیے جا سکتے ہیں۔

سکول کے اوقات

**ماما ہب:** ہر جمعہ کےدوران، صبح 11 بجے سے دوپہر 2بجے تک، فیلکس روڈ ایڈوینچرپلے گراؤنڈ، فیلکس روڈ، ایسٹن، برسٹول **BS5 0JW**

یہ جگہ ان پناہ گزین خواتین اور بے گھر خواتین جوحاملہ ہیں یا 2 سال سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ ہیں ۔ یہ شخصی مدد اور یکجہتی کی جگہ ہے، جہاں وہ گرم اور صحتمند کھانا، نوزائیدہ بچوں کے ساتھ تعلق اور دیگر سرگرمیوں کا لطف اٹھا سکتی ہیں۔
ہم بس کے ٹکٹ کے پیسے بھی آپ کو دیتے ہیں۔

---

**دی ہیون** www.sirona-cic.org.uk/nhsservices/services/the-haven/

دی ہیون پناہ کے متلاشی اور پناہ گزینوں کے لیے ایک ماہر صحت کی خدمت ہے، جو کے Montpelier Health Center

کےاندرواقع ہے۔ فون:0117703887 BS6 5PT the.haven@nhs.net

ہم برسٹل، نارتھ سمرسیٹ اور ساؤتھ گلوسٹر شائر میں پناہ کے متلاشیوں اور پناہ گزینوں کی صحت کی ضروریات کا جائزہ لیتے ہیں اورانہیں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ہم لوگوں کی صحت کی سہولیات اور دیگر خدمات تک رسائی میں بھی مدد کرتے ہیں جن کی انہیں ضرورت ہے۔
آپ فون یا ای میل کے ذریعے سروس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور کلینک پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے 4 بجے تک کھلے رہتے ہیں۔

---

**بریجز فار(کمیونٹی)** www.bridgesforcommunities.com

info@bridgesforcommunities.com ایسٹن فیملی سینٹر، **BS5 0SQ**
برجز کئی پروگراموں پر مبنی ہے جوان لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو پناہ چاہتے ہیں اور اپنے مقامی برادری سے تعلق برقراررکھنا چاہتے ہیں۔ دوست بنانا ، جو پناہ کے متلاشیوں کو مقامی رضاکار کے ساتھ ملاتا ہے، واک پر چلنا، ایک ساتھ ملنا، دوبارہ آبادکاری کی حمایت، امن کی دعوتیں اور دیگر یک طرفہ تقریبات اور دورے شامل ہیں۔

---

**برسٹل ریفیوجی فیسٹیول** www.bristolrefugeefestival.org
ڈاک لینڈز کمیونٹی سینٹر, St Pauls, Bristol BS2 8UA- Info@bristolrefugeefestival.org

ہم پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشیوں کو برسٹل بھر میں ان کی مقامی کمیونٹیز سے جوڑنے کے لیے کمیونٹی ہب اور تنظیموں کے ساتھ تقریبات اور سرگرمیوں کے پروگرام کو منعقد کرتے ہیں۔